بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

14 روزہ

مسائل رمضان کورس

مدرس: مولانا مفتی عرفان اللہ درویش
ہنگو عفا اللہ عنہ

سبق نمبر:4

حصہ دوم

افطاری سے متعلق چند مسائل

جب سورج یقینی طور پر غروب ہو جائے تو افطاری میں جلدی کرنا مستحب ہے۔

اگر سورج غروب ہونے سے قبل اذان ہو جائے، تو روزہ افطار کرنا جائز نہیں، اگر کسی نے یہ سمجھا کہ غروب ہو چکا ہے، اور روزہ افطار کیا تو قضا لازم ہے۔

اگر کوئی شخص حالت سفر میں ہو یا ایسی جگہ ہو جہاں اسے سورج کے غروب ہونے یا نہ ہونے کا شبہ ہو جائے تو ایسی صورت میں افطار میں کچھ تاخیر کرے۔

روزہ افطار کرنے کے بعد مغرب کی جماعت میں کچھ تاخیر کرنا بھی جائز ہے، 8 تا 15 منٹ گنجائش ہے۔

افطاری سے متعلق چند مسائل

کھجور سے روزہ افطار کرنا افضل ہے، اس کے بعد میٹھی چیز سے، پھر پانی سے

بعض لوگ نمک سے روزہ افطار کرنے کو ثواب اور سنت سمجھتے ہیں، اس کی کوئی حقیقت نہیں۔

روزہ افطار کرتے وقت مسنون دعاوں کا اہتمام کرنا چاہیے، چند دعائیں یہ ہیں:

اللهم لک صمت وعلیٰ رزقک افطرت

ذهب الظما وابتلت العروق و ثبت الاجر ان شاء الله

افطرعندکم الصائمون واکل طعامکم الابرار وصلت علیکم الملائکۃ

آخری دو دعائیں افطاری کے بعد پڑھیں اور پہلی دعا شروع میں، درمیان میں اور آخر میں، تینوں طرح پڑھنا ثابت ہے۔